رئیسانی کو کونسل پرسن نامزد ہونے پر مبارکباد پیش کی اور بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ بعدازاں رئیسانی گرینڈ الائنس کے بلدیاتی امیدواران نے باضابطہ طور پر میر سجاد رئیسانی کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان کیا۔ امیدواران کو مسلم لیگ (ن) کی جانب سے ٹکٹس بھی جاری کر دیے گئے۔ ملاقات کے موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر صوبائی رہنما اشرف جاوید کرد، یوتھ ونگ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری ساجد خان بڑیچ بھی موجود تھے۔ وفد میں شامل شخصیات میں اسرار رئیسانی، ماما سیف اللہ رئیسانی، عبدالواحد رئیسانی، مطیع اللہ رئیسانی، آغا سلمان رئیسانی، منور احمد رئیسانی، صابر جان رئیسانی، بابر رئیسانی، مقبول احمد رئیسانی، انعام اللہ رئیسانی، سجاد رئیسانی، ابراہیم رئیسانی، سلیم احمد سرپرہ، کریم اللہ بدوزئی، عبدالوحید شاہوانی اور دیگر شامل تھے



اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی بھی موجود ہیں

# Balochistan Times

92 MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

No. B.C.6 VOL XLV No. 1303 QUETTA Monday December 08, 2025 / Jumadi ul-Thani 16, 1447





**ISLAMABAD:** Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti addressing a press conference on Sunday.

## No military operation underway in Balochistan, says CM Bugti

Staff Report

ISLAMABAD: Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti on Sunday said that there was no military operation underway in Balochistan, clarifying that only intelligence-based operations (IBOs) were being conducted in the province.

Addressing a press conference in Islamabad, he stated that the government's policy toward those who take up arms was clear, adding that the state remained open to those who seek forgiveness.

However, CM Bugti questioned whether the policy of reconciliation with terrorists could ever be justified. "Should we allow terrorists to reach Islamabad?" he asked.

His remarks came a day after security forces killed 12 terrorists during an IBO in the Kalat district.

According to the Balochistan chief minister, militants from Balochistan were freed and resettled in 2018, following the same approach used for the banned Tehreek-e-Taliban Pakistan (TTP) in Khyber Pakhtunkhwa. "These militants are still fighting the state today and are shedding the blood of innocent people," he said. The chief minister added that an anti-state narrative had been propagated against Pakistan, its armed forces, and the Chief of Defence Forces and Chief of Army Staff Field Marshal Asim Munir. CM Bugti remarked that Khyber Pakhtunkhwa (KP) Chief Minister Sohail Afridi's position did not allow him to join such a narrative, urging him to quit constant protests and instead make efforts to provide relief to the people of the province.

He endorsed the Inter-Services Public Relations (ISPR) director general's press conference, in which the military spokesperson described Pakistan Tehreek-e-Insaf (PTI) founder and former prime minister Imran Khan as "mentally ill" and a "national security threat". CM Bugti noted that as many as 900 terror incidents in Balochistan had claimed the lives of 280 civilians, 205 security personnel and six officers, two of whom hailed from the province.

"The security forces have conducted thousands of intelligence-based operations, killing 706 terrorists, who were infiltrating into Pakistan from Afghanistan to plan attacks," he said.

The Balochistan chief minister stated that around 10 militants' bodies remained at the border. He emphasised that terrorists would not succeed owing to the presence of a disciplined army and its courageous leadership. "Those who plan attacks in the name of religion will fail," he said, while criticising political narratives that target military leadership. "I do not like a fellow politician being labelled as anti-state or a security threat. But don't we need to reflect on our own attitudes?" he asked. Calling the fight against terrorism every citizen's responsibility, Bugti urged the nation to stand firmly with its security forces.

CamScanner

Daily FOUNDED BY SIDDIQ BALUCH
Balochistan Express
Quetta

GE
RELA
Bullet No.
14

# Balochistan, KP conflict rooted in regional and geographical factors: CM

By Our Reporter

QUETTA: Chief Minister Balochistan Sarfaraz Bugti said that the security situation in Balochistan and Khyber Pakhtunkhwa is shaped by regional and geographical factors, emphasizing that the ongoing conflict is not the government's alone but a shared responsibility of the judiciary, security agencies, and all other state institutions.

Addressing a press conference alongside Member of the National Assembly Jamal Raisani, Bugti said that around 100 militants have surrendered before the Government of Pakistan in Dera Bugti. He added that the same individuals had taken to the mountains in 2018-19, but now that they have returned, "we have embraced them." He reiterated that the militants' decision to lay down arms is a positive step.

He said that the state must be prioritized over politics. "There is no military operation underway in Balochistan. Intelligence-based operations are being conducted. For those who have decided to fight only with guns, the state's policy is clear."

Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti has said that the Baloch people were pushed into a futile war, and the state has kept the door of amnesty open. "Anyone who wants to return will be given a path," he stated, adding that the surrender of militants is a welcome development.

Bugti said that a narrative was created against the state of Pakistan, the armed forces, and the field marshal. He urged that instead of constant protest, political leaders should play a role that brings relief to the people of Khyber Pakhtunkhwa.

The Chief Minister stated that no public office allows its holder to malign the Pakistan Armed Forces, as the Constitution does not permit this. He added, "I do not like labeling a fellow politician as anti-state or a security threat, but should we not reflect on our attitudes?"

Bugti reiterated his complete endorsement of the DG ISPR's press briefing and questioned whether terrorists should be permitted to reach the federal capital. He urged Sohail Afridi to cooperate with the federation.

He emphasized that the nation must stand with its armed forces. "The people of Balochistan are with their military and will continue to remain with them."

Bugti stated that the Afghan interim government had promised the world it would not shelter terrorists, yet these groups are operating in Khyber Pakhtunkhwa and Balochistan.

He said that militants use religion as a façade to plan their actions, but they will not succeed.

The Chief Minister added that Jamal Raisani's brother was martyred first, followed by his father, but he stood with the country. He urged political leaders to reflect on their behavior instead of adopting the popular narrative.



Chief Minister Balochistan Sarfraz Bugti addresses a press conference in Islamabad. MNA Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani is also present.

## CM lauds LEAs for Kalat operation

By Our Reporter

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has expressed satisfaction over the successful operation carried out by security forces in Kalat, terming it an important milestone in the ongoing decisive campaign against terrorism.

He said these operations aim to protect the lives and property of the country, the province, and its citizens - a top priority of the state.

In his statement, the Chief Minister said the terrorists operating under Indian sponsorship met their logical end during the Kalat operation, which is clear evidence that the state will not tolerate any form of subversive activity on its soil.

He reaffirmed that state authority exists - and will continue to exist - on every inch of Balochistan's land, and that every attempt to spread terrorism will be thwarted.

The Chief Minister paid tribute to the sacrifices of security forces and law enforcement agencies, saying the entire nation holds these brave personnel in high esteem.

He added that Operation Azm-e-Istehkam will receive unconditional support until terrorism is completely eliminated. Sarfaraz Bugti reiterated the government's resolve to continue robust action at every level to ensure lasting peace, development, and public confidence in Balochistan.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 08 DEC 2025 Page No. 16

# قلات میں آپریشن، 12 دہشتگرد ہلاک ہوگئے: آئی ایس پی آر

## سیکورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، ترجمان فوج

## صدر، وزیراعظم، وزیر داخلہ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کامیاب کارروائی پر اظہار اطمینان، کلیئرنس آپریشن جاری

کوئٹہ+راولپنڈی (این این آئی) سیکورٹی فورسز کی جانب سے بلوچستان کے علاقے قلات میں آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی یافتہ 12 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن میں فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور بارودی مواد بھی برآمد کیا گیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق ہلاک دہشت گرد علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں

بقیہ نمبر56 صفحہ 5 پر

میں ملوث تھے، کسی بھی دیگر بھارتی سرپرست دہشت گرد کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن تیز کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق عزم استحکام کے تحت سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مہم جاری رہے گی تاکہ بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جا سکے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع قلات میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قلات میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کیے گئے کامیاب آپریشن پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے دہشت گردی کے خلاف جاری فیصلہ کن مہم کا ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کارروائیوں کا مقصد ملک، صوبے اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ہے، جو ریاست کی اولین ترجیح ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قلات آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد اپنے منطقی انجام کو پہنچے جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ریاست اپنی سرزمین پر کسی قسم کی تخریبی سرگرمی برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ہر ایک انچ سرزمین پر ریاست کی رٹ قائم ہے اور رہے گی، اور دہشت گردی پھیلانے کی ہر کوشش ناکام بنائی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان بہادر جوانوں کی خدمات کو پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن عزم استحکام کی غیر مشروط حمایت جاری رہے گی۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوام کا اطمینان برقرار رکھنے کے لیے دہشت گردی کے خلاف بھرپور کارروائی جاری رہے گی۔

# کوئٹہ: جدید چینی بسوں کا نیا بیڑا پہنچ گیا، 4 پنک خواتین کیلئے مختص

## 17 بسیں مختلف روٹس پر چلائی جائیں گی، مستقبل میں سفری منصوبے کو کچلاک تک وسعت دینے کا فیصلہ، خواتین کو سستے اور محفوظ سفر کی سہولت میسر آئیگی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں جدید چینی بسوں کا ایک نیا بیڑا پہنچ گیا، ان میں چار گلابی رنگ کی بسیں بھی شامل ہیں جو صرف خواتین کیلئے مختص ہیں۔ یہ اقدام بلوچستان کابینہ کی جانب سے منظور کی گئی اہم اصلاحات کے سلسلے کا حصہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں کم اخراج کرنے والی 17 بسیں پہنچ گئی ہیں، جو شہر میں پہلے سے چلنے والی آٹھ ماحول دوست بسوں میں اضافہ ہیں۔ نئے شامل کیے گئے بیڑے سے کوئٹہ میں فوری طور پر نئی روٹس شروع کی جائیں گی جن کے ذریعے یونیورسٹی روڈ سے سریاب مل تک کے علاقوں کو جوڑا جائے گا، جبکہ مستقبل میں اس نیٹ ورک کو کوئٹہ سے ملحقہ علاقے کچلاک تک بڑھانے کا منصوبہ ہے۔ خواتین کیلئے خصوصی پنک بس سروس کا آغاز خواتین مسافروں کو زیادہ محفوظ اور قابل رسائی شہری ٹرانسپورٹ فراہم کرنے کیلئے کیا جا رہا ہے کیونکہ شہر میں خواتین اکثر ہراسانی اور محدود نقل و حرکت کے مسائل کا سامنا کرتی ہیں۔ اس فیصلے کی باضابطہ منظوری وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر

بقیہ نمبر9 صفحہ 5 پر

صدارت ہونے والے کابینہ کے 20ویں اجلاس میں دی گئی۔ اجلاس میں ماحولیاتی تحفظ، ریکنگ طریقہ کار، انتظامی امور اور عوامی خدمات جیسے شعبوں میں دیگر اصلاحات کی منظوری بھی شامل تھی۔

# کوئٹہ: ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے لوڈر رکشوں پر پابندی عائد کردی

## ٹریفک پولیس نے 68 رکشے تحویل میں لے لئے، کارروائی جاری رہے گی: فوکل پرسن سیف اللہ درانی

کوئٹہ (انتخاب نیوز) صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک نظم و ضبط، شہری تحفظ اور عوامی سہولت کو یقینی بنانے کے لئے زرنج رکشوں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس حوالے سے کمشنر کوئٹہ و چیئرمین ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (آر ٹی اے) کی جانب سے باضابطہ احکامات جاری کر دیے

بقیہ نمبر61 صفحہ 5 پر

گئے ہیں، جس کے بعد ٹریفک پولیس نے فوری طور پر عملی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ جبکہ اس حوالے سے ایس ایس پی ٹریفک آفس کے فوکل پرسن ڈی ایس پی سیف اللہ درانی نے بتایا کہ پابندی کے نفاذ کے بعد گزشتہ دو دنوں کے دوران کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بھرپور کریک ڈاؤن کیا گیا، جس کے نتیجے میں موٹر وہیکل آرڈیننس کی دفعہ 115 کے تحت 68 زرنج رکشے بند کر دیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ رکشے بغیر اجازت، رجسٹریشن یا مقررہ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے تھے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 08 DEC 2025 Page No. 7

## کوہلو: جاری منصوبے عوامی فلاح کے لیے نہایت اہم ہیں، ڈپٹی کمشنر

**ضلعی انتظامیہ تمام محکموں کو مکمل تعاون فراہم کرتی رہے گی، عظیم جان دومڑ کی بات چیت**

کوہلو (نامہ نگار) بلوچستان اینٹیگل ڈویلپمنٹ ایشلوز کے انجینئر محمد عالم بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی ملاقات میں ایکسیئن روڈ محبت مری، ایکسیئن بلڈنگ جعفر خان زرکون، ایس ڈی او پی ایچ ای عنایت اللہ مری، غلام باری زرکون، انجینئر میونسپل کمیٹی شکور مری سمیت مختلف محکموں کے افسران بھی شریک تھے اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ان کی موجودہ پیش رفت، درپیش مسائل اور آئندہ لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ نے کہا کہ پی ایس ڈی پی کے تحت جاری منصوبے عوامی فلاح کے لیے نہایت اہم ہیں ہمارا مقصد ان منصوبوں کی بروقت، شفاف اور معیاری تکمیل ہے ضلعی انتظامیہ تمام محکموں کو مکمل تعاون فراہم کرتی رہے گی تاکہ ترقی کا عمل مزید تیز ہو سکے۔

MASHRIQ QUETTA

# کوئٹہ سمیت 7 اضلاع میں خشک سالی کے خطرات میں اضافہ

**بلوچستان میں ستمبر، اکتوبر اور نومبر میں معمول سے 41.9 فیصد کم بارش ریکارڈ، صرف 8.6 ملی میٹر بارش ہوئی**

**دسمبر 2025 تا فروری 2026 کے دوران متعدد اضلاع میں بارشیں کم اور درجہ حرارت زیادہ رہنے کا امکان**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گزشتہ تین ماہ کے دوران معمول سے 41.9 فیصد کم بارش ریکارڈ، کوئٹہ سمیت بلوچستان کے سات اضلاع میں خشک سالی ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کے خطرات میں اضافہ ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں ستمبر، اکتوبر اور نومبر کے مہینوں میں معمول سے 41.9 فیصد کم بارش ریکارڈ کی گئی ہے تین ماہ کے دوران بلوچستان میں صرف 8.6 ملی میٹر بارش ہوئی، جو معمول کے 14.8 ملی میٹر سے نمایاں طور پر کم ہے، جبکہ صوبے میں درجہ حرارت بھی 0.9 ڈگری سینٹی گریڈ اوسط سے زیادہ رہا۔ محکمہ موسمیات کی خشک سالی ایڈوائزری (پری الرٹ) رپورٹ کے مطابق مئی سے نومبر 2025 کے دوران مغربی اور جنوب مغربی بلوچستان میں بارشوں کی کمی مزید بڑھ گئی ہے، جبکہ مسلسل خشک دنوں کی تعداد میں بھی اضافہ دیکھا گیا ہے، جو خشک سالی کی شدت میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق دسمبر 2025 سے فروری 2026 کے دوران متعلقہ علاقوں میں بارشیں معمول سے کم اور درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔

## چیف جسٹس بلوچستان کامران ملاخیل آج حلف اٹھائیں گے

**گورنر ہاؤس میں تقریب کا انعقاد ہوگا، گورنر، وزیراعلیٰ و دیگر حکام شریک ہوں گے**

کوئٹہ (یو این اے) جسٹس کامران ملاخیل آج پیر کو گیارہ بجے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل کے سامنے چیف جسٹس بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھائیں گے۔ حلف برداری کی تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، دیگر ججز، وکلا، صوبائی وزرا اور قبائلی عمائدین بھی شرکت کریں گے اس موقع پر مختلف قانونی اور سرکاری شخصیات کی موجودگی متوقع ہے، جبکہ تقریب میں عدلیہ اور صوبے کے دیگر ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

شعبہ جات کی نمائندگی بھی شامل ہوگی۔ چیف جسٹس بلوچستان کی حلف برداری صوبے میں عدلیہ کی مضبوطی اور شفاف نظام عدل کے فروغ کے سلسلے میں اہم قدم سمجھا جارہا ہے۔

## چمن، پاک افغان کشیدگی برقرار افغان مہاجرین کی وطن واپسی جاری

**جھڑپوں کے باعث افغان مہاجرین کی بے دخلی کا سلسلہ ایک روز کیلئے روک دیا گیا تھا**

چمن (یو این اے) چمن پاک افغان حکام کے درمیان ڈیڈلاک برقرار، کشیدگی کے باعث سرحد 53 روز سے مکمل بند ہے، افغان مہاجرین کی وطن واپسی کا عمل ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

جاری ہے چمن پاک افغان حکام کے درمیان ڈیڈلاک برقرار ہے دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی مزید بڑھ گئی ہے گزشتہ روز دوبارہ شدید جھڑپیں ہوئیں اور بھاری ہتھیار کا استعمال کیا گیا جو رات گئے جاری رہی افغان گولہ باری سے کلی لقمان میں 4 افراد زخمی ہوئے اور باب دوستی کو بھی شدید نقصان پہنچایا پاک فوج کی جوابی کارروائی میں افغانی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 08 DEC 2025

Page No. 18

# سول سروسز اکیڈمی 53 ویں کامن ٹریننگ پروگرام، بلوچستان سے سب سے بڑی نمائندگی

## مجموعی طور پر بلوچستان کے 50 پروبیشنر افسران ٹریننگ میں شامل، 18 خواتین بھی گروپ کا حصہ

## اکیڈمی کے والٹن کیمپس لاہور میں بولان کلچر نائٹ، لوک رقص، موسیقی اور ثقافتی واک کا انعقاد

## امن، ہم آہنگی اور مضبوط وفاق کیلئے ایک صف میں کھڑے ہیں، زیر تربیت بلوچ افسران کا عہد

لاہور (آصف محمود بٹ) سول سروسز اکیڈمی، 53واں کامن ٹریننگ پروگرام، بلوچستان سے سب سے بڑی نمائندگی، مجموعی طور پر بلوچستان کے 50 پروبیشنر افسران ٹریننگ میں شامل، 18 خواتین بھی گروپ کا حصہ، اکیڈمی کے والٹن کیمپس لاہور میں بولان کلچر نائٹ، لوک رقص، موسیقی اور ثقافتی واک کا انعقاد، زیر تربیت بلوچ افسران نے عہد کیا کہ امن، ہم آہنگی اور مضبوط وفاق کیلئے ایک صف میں کھڑے ہیں۔، پاکستان سول سروسز اکیڈمی (سی ایس اے) والٹن کیمپس میں ''بولان کلچر نائٹ 2025'' نہایت شاندار انداز میں منعقد ہوئی، جو نہ صرف بلوچستان کی تہذیبی عظمت کا رنگا رنگ مظہر ثابت ہوئی بلکہ اس نے پہلی بار ایک ایسی اجتماعی آواز کو جنم دیا جس میں بلوچ پروبیشنرز (زیر تربیت افسران) نے پاکستان کے امن، بھائی چارے، قومی ہم آہنگی اور مضبوط وفاق کیلئے غیر معمولی اتحاد اور عزم کا اظہار کیا۔ تقریب کے منتظمین اور شریک پروبیشنرز نے واضح پیغام دیا کہ بلوچ قوم اپنی دھرتی، اپنے وطن اور اپنے لوگوں کے تحفظ کیلئے ہر وقت تیار ہے اور ملکی استحکام کے سفر میں کبھی پیچھے نہیں ہٹے گی۔ تقریب اس اعتبار سے بھی تاریخی قرار دی گئی کہ 53ویں کامن ٹریننگ پروگرام میں بلوچستان کی سب سے بڑی نمائندگی سامنے آئی، جس میں مجموعی طور پر 50 پروبیشنرز شامل ہیں ان میں 18 باصلاحیت خواتین بھی شامل ہیں جو صوبے کی علمی و انتظامی ترقی کا روشن چہرہ ہیں۔ اکیڈمی کی تاریخ میں پہلی بار بلوچستان سب سے بڑا صوبائی گروپ بن کر نمایاں ہوا، جسے سینئر فیکلٹی نے ''ایک مثبت اور قومی سطح پر خوش آئند تبدیلی'' قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے نوجوان افسران کا بڑھتا ہوا اعتماد اور شمولیت پاکستان کے وفاقی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنائے گی۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے کی گونج سے ہوا، جس کے بعد پروبیشنرز نے شاندار ''ثقافتی واک'' کے دوران بلوچستان کی مختلف نسلی و لسانی برادریوں بلوچ، براہوی، پشتون اور ہزارگی کی روایتی پوشاکیں پیش کیں۔ ہاتھ سے بنے ہوئے کمخواب، کڑھائیاں، روایتی آرائش، علاقائی نمونے اور مخصوص رنگوں نے شرکا کو بلوچستان کی تہذیبی گہرائی کا ایک دلنشین منظر پیش کیا۔ سینئر افسران کو بلوچستان کی مہمان نوازی کی علامت خصوصی تحائف بھی پیش کیے گئے، جو اس خطے کی روایتی سخاوت اور احترام کی اعلیٰ مثال ہیں۔ تقریب میں پیش کی جانے والی بلوچی و براہوی چاپ، پشتون اتن، ہزارگی دمبیس اور لوک موسیقی نے ماحول کو مسحور کر دیا۔ ہر رقص اور ہر دھن اس حقیقت کی علامت تھی کہ بلوچستان نہ صرف وسیع جغرافیہ رکھتا ہے بلکہ ثقافتی اظہار میں بھی بے انتہا تنوع اور ہم آہنگی رکھتا ہے۔ حاضرین نے ان فنکارانہ مظاہروں کو نہ صرف تفریح کے طور پر بلکہ بلوچستان کے صدیوں پر محیط ثقافتی تسلسل کے نمائندہ بیانیے کے طور پر سراہا۔ اسی دوران پیش کی جانے والی کہانیوں اور روایتی بیانیوں نے اس خطے کے بنیادی اقدار، بہادری، وفاداری کو نہایت موثر انداز میں اجاگر کیا۔ تقریب کا روح پرور لمحہ وہ تھا جب روایتی شاعر کے منظوم کلام نے اجتماع میں گہرا سکوت طاری کر دیا۔ نظم کے اشعار اتحاد، مصالحت اور دشمن کے مقابل اجتماعی طاقت کا وہ پیغام دے رہے تھے جو بلوچستان کی روایت اور مستقبل کا عہد بھی ہے۔ اگر ہم ایک ہوں تو اپنے لوگوں کو اپنے ساتھ اکٹھا کر سکتے ہیں۔ اگر متحد رہیں تو دشمن ہمارے قدموں میں ہو گا۔ نہ کوئی لڑائی، نہ کوئی تلخی، آج سے ہم مسکراہٹ کے ساتھ ملیں گے، آنکھوں میں امن، دلوں میں خوشی لیے۔ یہ کلام تقریب کے مرکزی پیغام ''امن، بھائی چارے اور مشترکہ پاکستانی شناخت'' کو خوبصورتی سے سمیٹ گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated 0 8 DEC 2025 Page No. 13

# طاقتور قوتوں نے بلوچستان کو بارود کے ڈھیر پر کھڑا کردیا، مولانا ہدایت الرحمن

## حکمران شاہراہیں، بارڈرز، انٹرنیٹ، تجارت بند کرکے کس کی خدمت میں مصروف ہیں؟ صوبائی امیر جماعت اسلامی

**جماعت اسلامی اسمبلی کے اندر اور باہر ہر مظلوم کے ساتھ اور ظلم، ناانصافی، لاقانونیت کے خلاف آواز بلند کررہی ہے، رکن صوبائی اسمبلی**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی اسمبلی کے اندر و باہر ہر مظلوم کیلئے اور ہر ظلم، ناانصافی، جبر اور لاقانونیت کے خلاف آواز بلند کررہی ہے مظلوموں کی آواز جماعت اسلامی ہے طاقتور قوتوں نے بلوچستان کو بارود کے ڈھیر پر لا کھڑا کردیا حکمران شاہراہیں، بارڈرز، انٹرنیٹ، تجارت بند کرکے کس کی خدمت میں مصروف ہیں چادر و چار دیواری کی پامالی، لاپتہ افراد، شہریوں پر چلانے والوں کو روکنے کی بجائے جمہوری، انسانی، معاشی حقوق مانگنے والوں کے راستے میں ...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

وکلاء سے پیدا کرکے ان کے ظلم و جبر میں اضافہ کیا جارہا ہے ہر ظلم و جبر لاقانونیت کے خلاف کھڑے ہیں۔ جماعت اسلامی ہر مظلوم کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھانے والی ملک گیر منظم پارٹی ہے عوام جماعت اسلامی کا ساتھ دیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکز اسلامی گوادر میں جماعت اسلامی گوادر کے ذمہ داران کے اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں امیر صوبہ نے ضلع گوادر سے کثیر تعداد میں مرد و خواتین کی جماعت اسلامی پاکستان لاہور مرکزی اجتماع عام میں شرکت کرنے پر مبارکباد اور ذمہ داران کا شکریہ بھی ادا کیا کہ انہوں نے مرکزی نظم کے ہدایات پر عمل کرتے ہوئے بھرپور تیاری کے ساتھ شرکت کی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے گوادر میں الخدمت فاؤنڈیشن کے پروگرام انٹری ٹیسٹ کو ماہ رواں کی بجائے 26 مارچ 2026 کو کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوان طلباء و طالبات آئی ٹی ٹیکنالوجی و اس ہنر اور روزگار اسکیم سے استفادہ حاصل کرسکیں امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے گوادر میں پانی کے بحران میں لوگوں کو ریلیف دینے کیلئے الخدمت کے تعاون سے کل کمیونٹی ورک لگانے کا افتتاح کریں گے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ امیر جماعت اسلامی پاکستان انجینئر حافظ نعیم الرحمان کے اعلان کردہ "بدل دو نظام" کے حوالے سے بھرپور منصوبہ بندی کریں اور پروگرامات ترتیب دیں عوامی کمیٹیوں کے قیام اور ممبر سازی کو تیز کریں تاکہ جماعت اسلامی کی دعوت اور بدل دو نظام تحریک کو عام لوگوں تک پہنچایا جائے عوام کی امیدیں جماعت اسلامی سے وابستہ ہیں۔

# بلوچ تاریخ میں برتری برداشت نہیں، تنظیمیں فیصلے پر نظرثانی کریں، سردار یار محمد رند

## ہم نے بلوچ تحریک میں کبھی دہائیاں دی اور ایسے ہتھکنڈوں سے مرعوب ہونے والے نہیں ہیں، تنگ نہ کیا جائے، سردار یار محمد رند

**تنظیموں کے سربراہان اپنے لوگوں کو اس طرح کے اقدامات سے اجتناب کرنے کی ہدایت کریں، جرگے سے خطاب**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قبائلی و سیاسی رہنما و سینئر سیاستدان سابق وفاقی و صوبائی وزیر سردار یار محمد رند نے کہا کہ رند اور لاشار قبائل مالی مطالبات کو مسترد کرتے ہوئے تنظیموں کے سربراہان سے امید کرتے ہیں کہ ان پالیسیوں پر نظرثانی کریں گے کیونکہ بلوچ تحریک میں ہم نے کبھی دہائیاں دی ہیں کسی زور آوری کو برداشت کیا ہم پرامن قبائل ہیں اور ان قبائل کو تکلیف نہ پہنچائی جائے جرگے میں طے پایا کہ کسی قسم کی زیادتی ہرگز برداشت اور قبول نہیں اور ان تنظیموں کے سربراہان کو آگاہ کرتے ہیں کہ وہ اس قسم کے لوگوں کو ہدایت کریں کہ وہ بلوچ قوم کو تکلیف نہ ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

جائیگا، کسی خاص طور پر رند، لاشار اور زہری قبیلے کے لوگوں کو مالی اور معاشی طور پر تنگ نہ کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان ضلع کچھی شوران میں منعقدہ جرگے میں ہونے والے فیصلوں کے بعد جاری کئے گئے اعلامیہ میں کیا گیا ہے جرگے میں رند اور لاشار قبائل کے سربراہان سردار یار محمد رند، سردار جلال خان لاشاری، سردار ثناء اللہ زہری کے نائب میر صلاح الدین زہری، اقوام رند اور اقوام لاشار کے معتبرین شریک ہوئے جرگے میں ہونے والے فیصلوں سے متعلق جاری اعلامیہ کے مطابق متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا گیا سوموار ۸ دسمبر 2025 کو کچھی و بیرون بلوچستان شرپسند عناصر نے جو اپنا تعلق کسی تنظیم سے ظاہر کرتے ہیں

# بلوچستان کے عوام غربت، جہالت اور بیروزگاری کی دلدل میں دھنس چکے، نیشنل پارٹی

## بلوچستان کو موجودہ صورتحال سے ایک منظم سیاسی جماعت ہی نکال سکتی ہے، صوبائی صدر اسلم بلوچ

**عوام ایک سیاسی پلیٹ فارم پر یکجا ہوں اس مقصد کیلئے نیشنل پارٹی گھر گھر پیغام پہنچا رہی ہے، کچھی ریک میں شمولیتی اجتماع سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر چیئرمین اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کو موجودہ صورتحال سے ایک منظم سیاسی جماعت ہی نکال سکتی ہے بلوچستان کے عوام غربت، جہالت اور بیروزگاری کے بدترین دلدل میں دھنس چکے اس گرداب سے نکلنے کیلئے ضروری ہے کہ عوام ایک سیاسی پلیٹ فارم پر یکجا ہوں اس مقصد کیلئے نیشنل پارٹی گھر گھر جاکر عوام کو منظم کررہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سرآب کچھی ریک میں شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ممتاز سیاسی و قبائلی شخصیت ٹھیکیدار ارشد شاہوانی اور ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ٹھیکیدار غلام حسین، ٹھیکیدار بشیر احمد، ٹھیکیدار شیر احمد، ٹھیکیدار جاوید احمد، ڈاکٹر احمد جہانگیر، حفیظ احمد، ملک سیف، ماسٹر محمد نسیم، محمد جان ارسلان، ٹھیکیدار جہانزیب اپنے درجنوں ساتھیوں کے ساتھ بی این پی مینگل سے مستعفی ہوکر نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کیا اس موقع پر سابق اور یس شاہوانی، کامریڈ رحمت اللہ بڑکوئی، نصراللہ بلوچ، رحمت اللہ بلوچ، ریاض زہری نے بھی خطاب کیا انہوں نے اسٹریٹ کچھی ریک سرآب سے شامل ہونے والے دوستوں کو خوش آمدید کہا اور پارٹی مفلر پہنایا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 08 DEC 2025 Page No. 20

# مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پاس کرنے کیلئے قوم پرستوں نے کندھا فراہم کیا، اسد بلوچ

نام نہاد قوم پرستوں کو بلوچستان کے عوام سے زیادہ کرسی عزیز ہے، پنجگور میں پانی کی اسکیموں پر بدترین کرپشن سامنے آیا، رکن اسمبلی

نام نہاد میگا پروجیکٹس سے ایک بوند پانی چتکان کے شہریوں کو نصیب نہیں مزید 25 کروڑ کے ٹینڈر کر کے پیسے ہڑپ کئے جا رہے ہیں، مرکزی رہنما بی این پی عوامی

پنجگور (این این آئی) بی این پی عوامی کے مرکزی صدر اور رکن صوبائی اسمبلی سابق صوبائی وزیر زراعت میر اسداللہ بلوچ نے کہا ہے کہ نام کے قوم پرستوں نے ہمیشہ ذاتی مفادات کو بلوچستان کے اجتماعی مفادات پر فوقیت دی ہے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو پاس کرنے میں بھی انہی نام نہاد قوم پرستوں نے کندھا فراہم کیا انکو بلوچستان کے عوام سے زیادہ کرسی عزیز ہے پنجگور میں پانی کی اسکیموں پر بدترین کرپشن سامنے آیا 40 کروڑ روپے کی نام نہاد میگا پروجیکٹس سے ایک بوند پانی بھی چتکان کے شہریوں کو نصیب نہیں ہوا ہے اور مزید 25 .........

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کروڑ ٹینڈر کر کے پیسے ہڑپ کئے جا رہے ہیں جمہوری اداروں کو کمزور بنانے کی پالیسیاں جاری ہیں تاکہ آمرانہ نظام جڑ پکڑے جس سے بلوچستان کی سیاست مزید پیچیدہ بنے گی پہلے اگر ایک صوبائی سیٹ کی بولی 20 کروڑ روپے لگتی تھی آنے والوں وقتوں میں یہ بڑھ کر 40 کروڑ ہو جائے گی سیاسی کارکن مستقبل کیلئے صف بندی کریں اور اپنی سیاست کو نظریاتی بنیادوں پر استوار کر کے آنے والے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے خود کو تیار رہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے سابق فنڈز سے تعمیر شدہ جرگہ ہال کی افتتاحی تقریب کی مناسبت سے منعقدہ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا جلسہ سے بی این پی عوامی کے مرکزی رہنما میئر میونسپل کارپوریشن شکیل احمد قمرانی بی این پی عوامی ضلعی ڈپٹی آرگنائزر حاجی محمد یاسین زہری علی جان بلوچ زبیر ایوب اور دیگر نے بھی خطاب کیا میر اسداللہ بلوچ نے کہا کہ میں نے ہمیشہ بلوچستان کے اجتماع و مفادات کو اولیت دے کر پنجگور کے عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر توجہ دے کر تعلیم صحت اور دیگر اہم منصوبوں پر کام کیا ہے آج پنجگور کی عالیشان سڑکیں خود اس بات کی نشاندہی ہیں کہ میں نے ذات سے زیادہ اپنے عوام کو سہولت پہنچانے کی کوشش کی ہے پنجگور میں ترقیاتی منصوبوں کے علاوہ بارڈر کو بھی عام لوگوں کے روزگار کیلئے کھلوا دیا جس سے پنجگور کے گھر گھر میں خوشحالی آئی میر اسداللہ بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے کسی بھی موقع پر بلوچستان کے عوام کی ترجمانی نہیں کی حالیہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ ہو یا بلوچستان کے دوسرے مسائل بحیثیت سہولت کار ہمیشہ اسلام آباد کے حکمرانوں کا ساتھ دیا جو مختلف طریقوں سے بلوچ وسائل پر قابض ہونے کے لئے ایکٹ اور ترامیم کا سہارا لیتی آ رہی ہے انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا ایک پاؤں حکومت اور دوسرا کینبے کی حد تک اپوزیشن میں ہے

# وفاق کی زور آزمائی نے سب سے زیادہ نقصان بلوچستان کو پہنچایا ہے، ڈبلیو پی

جو پالیسیاں مسلط کی گئیں ان کے نتیجے میں آج صوبہ بدامنی، بیروزگاری، معاشی تباہی کا مرکز بنا ہوا ہے

بلوچستان میں بے روزگاری عام بڑے منصوبوں میں نوجوانوں کو نظر انداز کر کے باہر سے افراد لانا ناانصافی ہے، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی ترجمان نے کہا ہے کہ وفاق کی زور آزمائی و سیاسی تجربات نے سب سے زیادہ نقصان بلوچستان کے مظلوم عوام کو پہنچایا دہائیوں سے صوبے کو تجربہ گاہ بنا کر جو پالیسیاں مسلط کی گئیں، ان کے نتیجے میں آج بلوچستان بدامنی، بے روزگاری، معاشی تباہی اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا مرکز بنا ہوا ہے مرکزی ترجمان نے کہا کہ بلوچستان وسائل سے مالا مال خطہ ہے لیکن وفاقی سطح پر ہونے والی طاقت کی کھینچا تانی اور نمائشی فیصلوں نے صوبے کو ترقی سے محروم رکھا ہے امن و امان کی بگڑتی صورتحال، .........

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

بڑھتی ہوئی جرائم کی وارداتیں اور عدم تحفظ نے شہریوں کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا جبکہ حکومت کی طرف سے کوئی جامع حکمت عملی نظر نہیں آ رہی ترجمان کے مطابق بلوچستان میں بے روزگاری کی شرح خوفناک حد تک بڑھ چکی ہے بڑے منصوبوں میں مقامی نوجوانوں کو نظر انداز کر کے باہر سے افراد لانا ناانصافی ہے، جس سے عوام میں احساس محرومی اور بے چینی میں اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے قدرتی وسائل کا حقیقی فائدہ آج بھی عوام کو نہیں مل رہا، اور یہ بدترین معاشی ناانصافی ہے انہوں نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام نے بلوچستان کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ کبھی حکومتیں گرا کر، کبھی غیر مقامی فیصلے مسلط کر کے اور کبھی بنائے گئے مصنوعی اتحادوں کے ذریعے عوامی مینڈیٹ کو ہمیشہ کمزور کیا گیا۔ مرکزی ترجمان نے کہا کہ ملک کے موجودہ سیاسی و معاشی بحران نے بلوچستان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا مہنگائی، بے روزگاری، صحت و تعلیم کا فقدان اور پانی جیسی بنیادی سہولیات کے بحران سے عوام کی زندگی اجیرن ہے۔ آخر میں مرکزی ترجمان جمہوری وطن پارٹی نے مطالبہ کیا کہ وفاق بلوچستان پر سیاسی تجربات بند کرے اور صوبے کو آئینی حقوق، معاشی انصاف، امن و استحکام اور بااختیار مقامی حکمرانی فراہم کرے بلوچستان پاکستان کا اہم ترین ستون ہے اور جب تک اس کے عوام کو ان کا جائز حق نہیں ملتا، ملک کی مجموعی ترقی ممکن نہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 3

Dated: 08 DEC 2025 Page No. 21


# کسی قسم کی زیادتیوں کو ہرگز برداشت اور قبول نہیں کریں گے، قبائلی معتبرین

## اپنا تعلق کسی تنظیم سے ظاہر کرنے والوں نے آب سیاہ کا بند دھماکے سے اڑایا اور آٹھ افراد کو یرغمال بنایا

### تنظیم کے سربراہان اپنے لوگوں کو ہدایت دیں کہ وہ بلوچ قوم کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائیں، زہری، رند، لاشار اقوام کا جرگہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) زہری، رند اور اقوام لاشار کے سربراہان و معتبرین نے کہا ہے کہ ہم کسی قسم کی زیادتیوں کو ہرگز برداشت اور قبول نہیں کریں گے ڈسٹرکٹ کچھی شوران میں منعقدہ ہونے والے جرگے کا اعلان جرگے میں رند اور لاشار قبائل کے سربراہان سردار یار محمد رند، سردار جلال خان لاشاری، سردار ثناء اللہ زہری کے نائب میر صلاح الدین زہری، اقوام رند اور اقوام لاشار کے معتبرین شریک ہوئے جرگے میں ہونے فیصلوں سے متعلق جاری اعلامیے کے مطابق متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا گیا مورخہ 4 دسمبر 2025 کو کسی تنظیم کے نامعلوم شرپسند مسلح عناصر نے جو کہ اپنا تعلق کسی تنظیم سے ظاہر کرتے ہیں آب سیاہ کے بند کو دھماکہ خیز مواد سے توڑ کر زمینداران کے زرعی پانی کو بند کر دیا نیز زمینداران کا جان اور شوران کے بزرگان مسئلے کو دیکھنے بند گئے وہاں پہلے سے بیٹھے ہوئے مسلح افراد نے 8 افراد کو یرغمال بنا کر اپنے ساتھ نامعلوم مقام پر لے گئے جرگہ میں یہ طے پایا کہ ہم کسی قسم کی زیادتیوں کو ہرگز برداشت اور قبول نہیں کریں گے ہم ان تنظیموں کے سربراہان کو آگاہ کرتے ہیں کہ وہ اس تنظیم کے لوگوں کو ہدایت کرے کہ وہ بلوچ قوم کو اس قسم کی تکلیف نہ پہنچائے اور خاص طور پر رند، لاشار اور زہری قبیلے کے لوگوں کو جانی اور معاشی طور پر متاثر نہ کرے یہاں تک ٹیکس اور مالی مطالبات کو ہم مسترد کرتے ہیں اور ان تنظیموں کے سربراہان سے امید رکھتے ہیں کہ وہ اپنے ان پالیسیوں پر نظر ثانی کرے ہم ان کو آگاہ کرتے ہیں کہ نہ بلوچ تاریخ میں ہم نے ٹیکس دیے ہیں اور نہ کسی زور آوری کو برداشت کیا ہے ہم پر امن قبائل ہیں امید کرتے ہیں کہ ہم قبائل کو تکلیف نہ پہنچائیں۔

# ینگ ڈاکٹرز کا 9 دسمبر کو ریڈ زون میں دھرنا دینے کا اعلان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی سپریم کونسل نے 9 دسمبر کو ریڈ زون میں دھرنا دینے کا اعلان کر دیا ترجمان کے مطابق احتجاج کا مقصد ٹراما سینٹر اور بی آئی سی ڈی سے متعلق قوانین، سروس اسٹرکچر اور شفافیت کے حوالے سے پائے جانے والے مسائل کو اجاگر کرنا ہے سپریم کونسل کے مطابق ان دونوں میگا پروجیکٹس کے لیے نہ تو کوئی باقاعدہ ایکٹ تشکیل دیا گیا ہے اور نہ ہی سروس اسٹرکچر واضح کیا گیا ہے جس سے سیکڑوں ڈاکٹرز کے مستقبل پر سوالیہ نشان لگ چکا ہے جب تک باقاعدہ ایکٹ اور سروس اسٹرکچر سامنے نہیں آتا ان منصوبوں کا افتتاح نہیں ہونے دیا جائے گا سپریم کونسل نے مطالبہ کیا کہ گزشتہ دنوں ہاؤس آفیسرز کے ساتھ پی ایم ڈی سی قوانین کے برعکس ہونے والے سلوک کی مکمل انکوائری کی جائے اور ہاؤس جاب سے متعلق تمام سہولیات فوری طور پر فراہم کی جائیں پوسٹ گریجویٹس اور ہاؤس آفیسرز کے وظائف میں اضافہ دیگر صوبوں کے مطابق کیا جائے۔


CamScanner

## جھل مگسی کے علاقے سے اغواء ہونے والے 7 افراد تاحال بازیاب نہ ہو سکے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے سے اغواء ہونے والے سات افراد بازیاب نہ ہو سکے مغوی افراد چار کا تعلق رند قبیلے سے جبکہ تین کا تعلق لاشاری قبیلے سے ہے اغواء کے واقعے سے رند اور لاشاری قبائل کے اندر سخت غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## خضدار، پولیس کی کارروائی، لینڈ مافیا کے 11 ملزمان گرفتار

**ملزمان نے پولیس موبائل پر حملے اور پتھراؤ کیا مقدمہ درج، کارروائی جاری ہے: ایس ایچ او سٹی**

خضدار (یو این اے) خضدار میں ایس ایچ او سٹی عبداللہ غازی کی قیادت میں پولیس کی کارروائی میں روڈ بلاک کرنے والے لینڈ مافیا کے 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا یہ کارروائی ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کے حکم اور ڈی ایس پی سٹی سرکل محمد ......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

رفیق مینگل کی نگرانی میں عمل میں آئی ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی یاد رہے کہ یہ افراد پچھلے دنوں خضدار میں روڈ بلاک کر کے پولیس موبائل پر پتھراؤ اور گاڑی کے شیشے توڑنے میں ملوث تھے، جس کے نتیجے میں پولیس ملازمین زخمی ہوئے تھے۔ ایس ایچ او سٹی عبداللہ غازی نے کہا کہ لینڈ مافیا کے خلاف کارروائی جاری رہے گی۔

## ڈی ایم جمالی: فائرنگ کے تبادلے کے بعد مغویان بحفاظت بازیاب، ملزمان فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال کے علاقے میں پولیس کا اغواء کاروں کی پناہ گاہ پر چھاپہ شدید فائرنگ دو نوجوان مغوی بازیاب ملزمان فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ڈی ایس پی سٹی محسن علی سونگی ایس ایچ او غلام علی کنڈرانی نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال کے علاقے میں خفیہ اطلاع پر اغواء کاروں کی پناہ گاہ پر چھاپہ مارا تو ملزمان نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی پولیس نے بھی جوابی فائرنگ شروع کر دی دونوں اطراف شدید فائرنگ کے بعد پولیس نے چند روز قبل ڈیرہ مراد جمالی سے اغواء دو نوجوان وحید علی سونگی اور جاوید رڈ کو بحفاظت بازیاب کرا لیا

## کیچ پولیس کی کارروائیاں جاری، 13 افغان شہری گرفتار

**افغان شہری قانونی دستاویز کے بغیر ایران کے راستے یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے ایس پی کیچ**

تربت (یو این اے) تربت ڈسٹرکٹ پولیس کیچ کی کارروائیاں جاری، افغان شہری گرفتار، پولیس کے مطابق دو خواتین اور سات بچے سمیت 13 افغان شہری شامل ہیں، جو بغیر کسی قانونی دستاویز کے ایران کے راستے یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے ایس پی کیچ کیپٹن (ر) زوہیب محسن نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش اور قانونی مراحل مکمل ہونے کے بعد تمام افرا......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

د کو ایف آئی اے کے حوالے کیا جائے گا ان کا کہنا تھا کہ ایران کی طرف غیر قانونی نقل و حرکت اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں پولیس کے مطابق 6 دسمبر کو بھی 26 غیر ملکی گرفتار کر کے ایف آئی اے کے حوالے کیے گئے تھے، جبکہ شہر میں گشت اور چیکنگ مزید سخت کر دی گئی ہے۔ حکام نے واضح کیا کہ ایسی کارروائیاں مستقبل میں بھی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی۔

## چاغی پولیس کی کارروائیاں جاری، 3 ملزمان گرفتار

دالبندین (آن لائن) چاغی پولیس کی دو کامیاب کارروائیاں، خطرناک ملزمان گرفتار، تیز رفتار IBO نے جرائم کا سراغ لگا لیا چاغی پولیس نے دادآباد ڈکیتی کیس اور فیصل کالونی IBO میں موثر کارروائیاں کرتے ہوئے تین خطرناک ملزمان کو گرفتار کر لیا دادآباد میں ڈکیتی کے دوران دکاندار پر فائرنگ کے واقعہ کے بعد پولیس نے صرف تین گھنٹوں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے ذریعے مرکزی ملزم سلیم ولد خان گل کو گلی قاسم خان دالبندین سے گرفتار کیا

## میزئی اڈہ: فائرنگ سے نواب ظفر شاہوانی 2 ساتھیوں سمیت زخمی

**فوری ہسپتال منتقل، حالت خطرے سے باہر، حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب**

کوئٹہ (آن لائن) میزائی اڈہ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما ظفر اللہ شاہوانی 2 ساتھیوں سمیت زخمی ہو گئے حملہ آور موقع سے......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز میزائی اڈہ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں قبائلی و سیاسی رہنما نواب ظفر اللہ شاہوانی، حبیب اللہ، زاہد زخمی ہو گئے حملہ آور موقع سے فرار ہو گئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں پر انکی حالات خطرہ سے باہر بتائی جاتی ہے۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

## ڈیرہ بگٹی: ٹریکٹر کا بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے باعث دھماکہ، ڈرائیور زخمی

**ریسکیو ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچی، ڈرائیور ہسپتال منتقل، مزید تفتیش جاری ہے**

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) ڈیرہ بگٹی کے علاقے آر ڈی 238 کے قریب ایک ٹریکٹر بارودی سرنگ پر چڑھنے کے بعد دھماکہ ہو گیا، جس کے نتیجے میں ٹریکٹر ڈرائیور زخمی ہو گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچی اور زخمی ڈرائیور کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا حکام نے علاقے میں سکیورٹی بڑھا دی اور مزید حفاظتی......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ مستقبل میں اس قسم کے واقعات سے بچا جا سکے۔ دھماکہ سے مقامی شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 08 DEC 2025 Page No. 23

## جان محمد روڈ، ملحقہ علاقوں کے مکینوں کو گیس پریشر کی کمی کا سامنا

**گیس کمپنی انتظامیہ سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی گیس پریشر کم کر دیتی ہے، علاقہ مکین**

کوئٹہ (اریا پورٹر) کوئٹہ میں سردی کی شدت میں اضافہ کیساتھ ہی گیس پریشر میں کمی کے شکایات بڑھ گئے، جان محمد روڈ، گیلانی روڈ، شیخ ریٹ روڈ، فقیر محمد روڈ و دیگر کے مکین سالار خان، سید نجیب آغا، محمد اسحاق مینگل، شازیب مینگل، کفایت قلندرانی، فلک نور سلیمان خیل و دیگر نے بتایا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی گیس پریشر کم کر دیتی ہے، جس کی وجہ سے شہری ذہنی اذیت میں مبتلا ہیں حکام۔ بالا نوٹس لیکر کارروائی عمل میں لائی جائے، انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ میں سردی کی معمولی سی جھلک کے بعد سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کے بڑے بڑے دعوے نقش اخبار کی زینت بن گئے جبکہ ان کے صارفین کوئٹہ شہر کے ہر گلی اور محلے میں شکوہ کر رہے ہیں صارفین نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان سے سنگین نوعیت کے اس اہم۔ مسئلہ پر نوٹس لینے کی اپیل کی ہے، اس کے علاوہ گھروں میں بزرگ، خواتین و بچوں کے علاوہ بیمار لوگ سردی۔ کی شدت سے ٹھٹھر رہے ہیں متعلقہ بالا علاقوں میں سب سے زیادہ سردی ہوتی ہے انہوں نے بتایا گیس کو تواتر اور مناسب طریقے سے تمام علاقوں میں برابری کی بنیاد پر فراہم کی جائے اگر گیس فراہم نہ کیا گیا تو یہاں کے مکین سخت احتجاج کرینگے۔

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور، طویل لوڈ شیڈنگ سے معمولات زندگی مفلوج

**اکثر علاقے تاریکی میں ڈوب گئے، مساجد میں وضو تک کیلئے پانی نہیں**

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور میں بجلی کی طویل بریک ڈاؤن مختلف فیڈرز میں گزشتہ بارہ گھنٹوں سے بجلی غائب تفصیلات کے مطابق پنجگور میں بجلی کا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے تبلیغی مرکز سمیت دیگر فیڈرز میں گزشتہ بارہ گھنٹوں سے بجلی کی سپلائی معطل ہے جس کی وجہ سے علاقے تاریکی میں ڈوب گئے ہیں جبکہ لوگوں کو پانی کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے شہریوں نے واپڈا کے ذمہ داروں سے اپیل کی ہے کہ تبلیغی مرکز سمیت دیگر فیڈرز کی بجلی بحال کیا جائے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 08 DEC 2025 Page No. 24

# ریاست مخالف عناصر کو بلوچستان میں پناہ نہیں دی جائے گی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی سرزمین پر ریاست کے دشمنوں اور بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ دشمن کے ٹھکانوں سے برآمد اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد ان کے مذموم عزائم کا واضح ثبوت ہے اور اس کارروائی سے ثابت ہوگیا کہ ریاست مخالف عناصر کو بلوچستان میں پناہ نہیں دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی جرات، پیشہ ورانہ صلاحیت اور قربانیاں قابل تحسین ہیں، جن کی بدولت بلوچستان میں امن واستحکام قائم رکھا جارہا ہے۔ دشمن کے ٹھکانوں سے برآمد اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد ان کے مذموم عزائم کا واضح ثبوت ہے اور اس کارروائی سے ثابت ہوگیا کہ ریاست مخالف عناصر کو بلوچستان میں پناہ نہیں دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی جرات، پیشہ ورانہ صلاحیت اور قربانیاں قابل تحسین ہیں، جن کی بدولت بلوچستان میں امن واستحکام قائم رکھا جارہا ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے رہیں اور دشمن کے سازشوں کو ناکام بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دشمنی پر قائم رہنے والوں کو آہنی ہاتھوں سے کچلا جائے گا اور ریاست کی رٹ کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ اس کامیاب کارروائی میں شدید فائرنگ کے دوران بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد مارے گئے اور برآمد شدہ اسلحہ و دھماکہ خیز مواد اس بات کا ثبوت ہے کہ دشمن بلوچستان میں تباہی پھیلانے کے درپے تھا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی ادارے بلوچستان میں بدامنی کی ہر کوشش کو ناکام بنا رہے ہیں اور عزم استحکام کے تحت صوبے میں کلیئرنس اور آئی بی اوز پوری رفتار سے جاری ہیں۔ ریاستی ادارے بلوچستان میں بدامنی کی ہر کوشش کو ناکام بنا رہے ہیں اور عزم استحکام کے تحت صوبے میں کلیئرنس اور آئی بی اوز پوری رفتار سے جاری ہیں۔ وہ سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے رہیں اور دشمن کے سازشوں کو ناکام بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دشمنی پر قائم رہنے والوں کو آہنی ہاتھوں سے کچلا جائے گا اور ریاست کی رٹ کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ اس کامیاب کارروائی میں شدید فائرنگ کے دوران بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد مارے گئے دشمنی پر قائم رہنے والوں کو آہنی ہاتھوں سے کچلا جائے گا اور ریاست کی رٹ کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ اس کامیاب کارروائی میں شدید فائرنگ کے دوران بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد مارے گئے اور برآمد شدہ اسلحہ و دھماکہ خیز مواد اس بات کا ثبوت ہے کہ دشمن بلوچستان میں تباہی پھیلانے کے درپے تھا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی ادارے بلوچستان میں بدامنی کی ہر کوشش کو ناکام بنا رہے ہیں اور عزم استحکام کے تحت صوبے میں کلیئرنس اور آئی بی اوز پوری رفتار سے جاری ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کا امن، استحکام اور ترقی ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور قومی دھارے میں آنے والوں کے لیے دروازے کھلے ہیں، تاکہ عوام امن اور خوشحالی کا حصہ بن سکیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ عوام اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی عوام امن اور خوشحالی کا حصہ بن سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور دشمن کی ہر حرکت پر سخت اور فوری ردعمل ہوگا۔ انہوں نے زور دیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر امن اور ترقی کے خواب کو ہر صورت حقیقت بنایا جائے گا اور سیکیورٹی فورسز کے ساتھ عوام کے تعاون سے دہشت گردی کے تمام عناصر کو جڑ سے اکھاڑا جائے گا۔ بلوچستان کا امن، استحکام اور ترقی ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور قومی دھارے میں آنے والوں کے لیے دروازے کھلے ہیں، تاکہ عوام امن اور خوشحالی کا حصہ بن سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور دشمن کی ہر حرکت پر سخت اور فوری ردعمل ہوگا۔ انہوں نے زور دیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر امن اور ترقی کے خواب کو ہر صورت حقیقت بنایا جائے گا اور سیکیورٹی فورسز کے ساتھ عوام کے تعاون سے دہشت گردی کے تمام عناصر کو جڑ سے اکھاڑا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر عوامی نمائندوں اور سیکیورٹی فورسز کو یقین دلایا کہ صوبائی حکومت ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی تاکہ بلوچستان میں دیرپا امن قائم رہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

08 DEC 2025

Bullet No 6

Page No. 25

# ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ہماری اولین ترجیح!

اس وقت صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام ہورہا ہے ان میں سے پہلے کے اور کچھ اب نئے منصوبے ہیں جن میں اہم سڑکوں کی کشادگی، سڑکوں اور نالوں کی تعمیر جیسے منصوبے شامل ہیں یہ تمام منصوبے وقت کی اہم ضرورت ہیں کیونکہ سڑکیں چھوٹی ہونے کے باعث ٹریفک جام کا سنگین مسئلہ درپیش ہے جو روز بروز بڑھتا جارہا ہے اس کے ساتھ ساتھ شہر کی اکثر سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ یہ بھی ٹریفک جام کا سبب بنتی ہیں۔ جہاں تک نالوں کی تعمیر کا تعلق ہے تو ان کی تعمیر انتہائی ناگزیر ہے۔ کیونکہ نالے نہ ہونے یا چھوٹے ہونے کی وجہ سے بارش کا پانی ان میں بہنے کی بجائے سڑکوں پر جمع ہوجاتا ہے جس کے باعث سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوجاتی ہیں۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں حکومت اور اتحادی جماعتوں کے نامزد پارلیمانی اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور آئندہ مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں پر مشاورت کی گئی۔ وزیراعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہر منصوبہ عوامی مفاد اور صوبے کی اقتصادی ترقی کے لیے عملی اقدامات کا حصہ ہونا چاہیے۔ پارلیمانی کمیٹی کے اراکین جاری منصوبوں کی پیش رفت مسلسل نظر رکھیں اور کسی بھی تاخیر یا رکاوٹ کو فوری طور پر دور کرنے کے اقدامات کریں۔ پارلیمانی اور موثر رابطہ کاری سے ترقیاتی منصوبوں کا شفاف اور نتیجہ خیز نفاذ ممکن بنایا جاسکتا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو اولین ترجیح ہونے کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے۔ انہوں نے اس حوالے سے جو باتیں کی ہیں وہ اس بات کی غمازی کرتی ہیں کہ وہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے کوشاں ہیں کیونکہ ان منصوبوں کا تعلق براہ راست عوام سے ہے جو ان کے نامکمل ہونے کے باعث مشکلات کا شکار ہیں۔ ہماری بدقسمتی رہی ہے کہ ہمارے ہاں ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر میں ہمیشہ تاخیر ہوتی رہی ہے جس کے باعث ایک جانب فنڈز کا ضیاع اور دوسری جانب عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوجاتا ہے جو کہ کسی بھی طرح صوبے اور عوام کے بہتر مفاد میں نہیں ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے صوبے بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی جلد تکمیل کے لیے احسن اقدامات کرنے چاہئیں۔ اس طرح فنڈز کی بچت اور عوام کی تکالیف کا ازالہ ہوسکے گا۔ اس سلسلے میں اس مرتبہ ان ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی براہ راست وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو خود کرنی چاہیے اور اس پر ایک چیک اینڈ بیلنس کا نظام رائج کرنا چاہیے جو تمام منصوبوں کی نگرانی اور اس پر ہونیوالے کام کی رفتار تیز کرنے کے لیے اقدامات کرے اور اس تمام کی رپورٹ وزیراعلیٰ بلوچستان کو فراہم کرے۔ اسی صورت میں ہی یہ منصوبے بروقت مکمل ہوسکیں گے۔ بصورت دیگر وہ حسب روایت اور حسب معمول اسی طرح تاخیر کا شکار ہوتے رہیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 08 DEC 2025 Page No. 27

# کوئٹہ کا بڑھتا ہوا ٹریفک بحران: وجوہات اور حل

تحریر۔ ایڈووکیٹ فرحان خان کاکڑ

کوئٹہ، بلوچستان کا دل اور پاکستان کا ایک اہم تاریخی و ثقافتی شہر ہے۔ قدرتی حسن، چار موسموں اور اس کی اہم جغرافیائی حیثیت نے ہمیشہ اسے ایک نمایاں مقام دیا ہے۔ لیکن بدقسمتی سے گزشتہ چند دہائیوں میں یہ خوبصورت شہر شدید ٹریفک مسائل کا شکار ہو چکا ہے۔ سڑکوں پر گھنٹوں کی بھیڑ، گاڑیوں کا رش، پارکنگ کی قلت اور نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کا بے ہنگم استعمال شہریوں کے لیے مسلسل ذہنی و جسمانی اذیت کا باعث بن رہا ہے۔ آج کوئٹہ کا ٹریفک شہر کی ترقی کے سامنے سب سے بڑی رکاوٹ بن چکا ہے۔

کوئٹہ کی آبادی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ روزگار، تعلیم اور کاروبار کے مواقع تلاش کرنے والے لوگ شہر کی جانب رخ کر رہے ہیں۔ تاہم، شہر کا انفراسٹرکچر اُس رفتار سے ترقی نہیں کر سکا جس رفتار سے آبادی بڑھی ہے۔ سڑکیں تنگ، چوک ناکافی اور ٹریفک کا نظام فرسودہ ہو چکا ہے۔ صبح اور شام کے اوقات میں تو صورتحال اس قدر خراب ہو جاتی ہے کہ چند کلومیٹر کا سفر طے کرنے میں بھی پچیس سے چالیس منٹ لگ جاتے ہیں۔ شہر کی سڑکیں نہ صرف تنگ ہیں بلکہ ان کی حالت بھی اکثر خراب رہتی ہے۔ گڑھے، اُکھڑا ہوا کھپریل، جگہ جگہ کھڑی گاڑیاں اور ناقص ڈرائیونگ ٹریفک نظام کو مزید بدتر بنا دیتے ہیں۔ ٹریفک سگنل کا نظام بھی مناسب نہیں جبکہ کئی چوراہوں پر اب بھی ہاتھوں کے اشاروں سے ٹریفک کنٹرول کیا جاتا ہے۔

کوئٹہ کی اکثریت سڑکیں اُس دور میں بنی تھیں جب شہر کی آبادی کم تھی۔ وقت کے ساتھ ساتھ آبادی، کاروبار، مارکیٹیں اور گاڑیاں تو بڑھتی گئیں، لیکن سڑکیں وہی رہ گئیں۔ بروری روڈ، سریاب روڈ، جناح روڈ، باچا خان چوک، میکانگی روڈ اور علمدار روڈ جیسے اہم علاقوں میں روزانہ شدید ٹریفک جام دیکھنے کو ملتا ہے۔ ان سڑکوں کی تنگی، پارکنگ کی عدم دستیابی اور بے ہنگم کاروباری سرگرمیاں ٹریفک کے بہاؤ کو مزید سست بنا دیتی ہیں۔ خاص طور پر پارکنگ کا بحران اس مسئلے کو بڑھا دیتا ہے، کیونکہ مناسب پارکنگ پلازوں کی کمی کے باعث لوگ اپنی گاڑیاں سڑکوں کے کنارے کھڑی کرتے ہیں، جس سے راستے مزید تنگ ہو جاتے ہیں۔

کوئٹہ میں پبلک ٹرانسپورٹ کا فقدان بھی ٹریفک مسائل کا ایک اہم سبب ہے۔ شہر میں کسی قسم کا جدید بس سسٹم، میٹرو سروس یا باقاعدہ ٹرانسپورٹ نیٹ ورک موجود نہیں۔ اس وجہ سے شہری مجبوراً ذاتی گاڑیوں، رکشوں اور ٹیکسیوں پر انحصار کرتے ہیں، جس سے ٹریفک کا بوجھ مزید بڑھ جاتا ہے۔ اگر شہر میں ایک معیاری اور کم خرچ پبلک ٹرانسپورٹ متعارف کروا دی جائے تو ایک بڑی تعداد ذاتی گاڑیاں استعمال کرنے کے بجائے بس یا دیگر ذرائع استعمال کرے گی، جو ٹریفک کے دباؤ کو نمایاں حد تک کم کر سکتی ہے۔

اگر حکومت چاہے تو اس مسئلے کو مستقل حل کرنے کے لیے کئی اہم اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔ پہلے مرحلے میں شہر کی بڑی سڑکوں کو وسیع کرنا اور نئے روڈز تعمیر کرنا ناگزیر ہے۔ بائی پاس، انڈر پاس اور اوور ہیڈ برج ٹریفک کی روانی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ اسی طرح نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کی جائیں اور ان کے داخلے کو محدود کیا جائے تاکہ قانونی گاڑیوں کا نظام بہتر ہو سکے۔ بڑے بازاروں میں پارکنگ پلازوں کی تعمیر بھی انتہائی ضروری ہے، جس سے سڑکوں پر بے ترتیبی سے پارک کی گئی گاڑیوں کی تعداد کم ہوگی۔

اس کے ساتھ ساتھ ٹریفک قوانین کا سخت نفاذ بھی بے حد اہم ہے۔ بغیر لائسنس ڈرائیونگ، غلط پارکنگ، اوور اسپیڈنگ اور سگنل توڑنے جیسے جرائم کے خلاف سخت جرمانے اور کارروائیاں ٹریفک نظام کو بہتر بنا سکتی ہیں۔ شہریوں میں ٹریفک آگاہی مہمات کے ذریعے ذمہ داری کا شعور پیدا کرنا بھی ضروری ہے تاکہ ہر فرد سڑکوں کے استعمال میں اپنا کردار مثبت انداز میں ادا کرے۔ کوئٹہ اپنے اندر بے پناہ خوبصورتی اور ترقی کے امکانات رکھتا ہے، مگر اس شہر کی حقیقی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ٹریفک کے مسائل پر سنجیدگی سے توجہ دی جائے۔ نان کسٹم پیڈ گاڑیاں، ناقص منصوبہ بندی، تنگ سڑکیں اور پبلک ٹرانسپورٹ کی کمی وہ مسائل ہیں جن کا بروقت حل کوئٹہ کے مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔ اگر حکومت، ادارے اور عوام مل کر ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تو کوئٹہ کو دوبارہ ایک پرسکون، منظم اور ترقی یافتہ شہر بنایا جا سکتا ہے۔ یہ وقت ہے کہ ٹریفک کے بحران کو مزید نظر انداز نہ کیا جائے اور اس اہم مسئلے کے حل کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔